# 02-01-2026 URDU NEWS BULLETIN 17.50 HRS

سرخیاں

۱۔ ریاست نائب وزیر اعلیٰ و وزیر فینانس بھٹی وکرامارکہ نے کہا کہ ریاست میں معاشی مسائل کے باوجود بھی حکومت ہر مہینہ کی پہلی تاریخ کو سرکاری ملازمین کو تنخواہیں ادا کر رہی ہے۔

۲۔ ریاستی وزیر پونم پربھاکر نے کہا کہ پسماندہ طبقات کی ترقی کیلئے حکومت پابندعہد ہے۔

۳۔ ریاستی وزیر ٹی ناگیشور راؤ نے کہا کہ حکومت ریاست میں نامیاتی زراعت کو فروغ دے گی۔

اور

۴۔ باسرا سے بھدراچلم تک ریاست میں ٹمپل ٹوریزم کو ترقی دی جائیگی۔ ریاستی وزیر کونڈا سریکھا کا بیان۔

VBG Ram G Scheme Mahabubnagar

مرکزی حکومت کے وی بی جی رام جی اسکیم پر محبوب نگر کے استفادہ کنندگان نے خوشی کا اظہار کیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ اس اسکیم کے استحکام کے ذریعہ دیہی علاقوں میں روزگار کے مواقعوں میں اضافہ ہوگا۔ کاموں کے ایام کو 100 دن سے بڑھا کر 125 دن کرنے پر معاشی طور پر فائدہ ہوگا۔ محبوب نگر سے تعلق رکھنے والے ایک استفادہ کنندہ سرینواس نے آکاش وانی کو یہ بات بتائی۔

Sound Byte Srinivas

CM Revanth Reddy - Wanaparthy MLA

ونپرتی کے رکن اسمبلی ٹی میگھا ریڈی نے آج وزیر اعلیٰ ریونت ریڈی سے ملاقات کرتے ہوئے وزیر اعلیٰ کو نئے سال کی مبارکباد دی۔ اس موقع پر رکن اسمبلی میگھا ریڈی نے ونپرتی اسمبلی حلقہ کی ترقی پر وزیر اعلیٰ سے تبادلہ خیال کیا۔ رکن اسمبلی نے کہا کہ وزیر اعلیٰ نے ونپرتی اسمبلی حلقہ کی ترقی کیلئے ممکنہ تعاون فراہم کرنے کا تیقن دیا ہے۔

Blood Donation dattatreya

ہریانہ کے سابق گورنر بنڈارو دتاتریہ نے کہا کہ خون کا عطیہ لوگوں کی زندگی کو بچانے کے لئے بہت ہی اہم ہے۔ انہوں نے حیدرآباد کے تارناکہ میں ویلفیر اسوسی ایشن کے دفتر میں نارا پوراجو ساوتری فاؤنڈیشن کی جانب سے منعقد کئے گئے خون عطیہ کیمپ کا ریاستی بی جے پی صدر این رام چندر راؤ اور بی جے پی کے لیڈر کے مادھوی لتا کے ساتھ مل کر افتتاح کیا۔ اس موقع پر انہوں نے کہا کہ سماج میں خون کا عطیہ دینے کے لئے شعور بیداری پیدا کرنا چاہیئے۔ انہوں نے نوجوانوں پر زور دیا کہ وہ آگے آ کر خون کا عطیہ دیں تاکہ دوسروں کی زندگی بچائی جا سکے۔

Medaram IG

ملٹی زون آئی جی چندرا شیکھر ریڈی نے آج سمکا سارالما مندر کا دورہ کرتے ہوئے وہاں پر خصوصی پوجا کی۔ اس موقع پر انہوں نے مندر کے احاطہ میں جاری ترقیاتی کاموں کا جائزہ لیا۔ اِس موقع پر پولیس عہدیداروں کے ساتھ منعقد کئے گئے ایک جائزہ اجلاس میں انہوں نے بات کرتے ہوئے مہا جاترا کیلئے آنے والے لاکھوں عقیدتمندوں کی سہولت کیلئے بہتر پارکنگ کا انتظام کرنے عہدیداروں کو ہدایت دی۔ انہوں نے آنے والے میڈارم مہا جاترا کو بہتر طریقہ سے منعقد کرنے کیلئے کام کرنے پولیس عہدیداروں پر زور دیا۔ انہوں نے سابقہ جاترا میں کام کرنے والے تجربہ کار عہدیداروں سے کہا کہ وہ اپنے زون اور سیکٹر کا دورہ کرتے ہوئے کام کریں۔

Khamma Urea

کھمم ضلع کلکٹر انودیپ نے کہا کہ فصلوں کی پیداوار کرنے والے ہر ایک کسان کو یوریا کی سربراہی کیلئے حکومت موثر اقدامات کی ہے۔ آج انہوں نے کونی جرلا منڈل میں امدادِ باہمی سنگم کے دفتر میں یوریا کی خریداری کا جائزہ لیا۔ اِس موقع پر کلکٹر نے کہا کہ یوریا کے مسئلہ کو لے کر کسانوں کو پریشان ہونے کی کوئی ضرورت نہیں ہے۔ حکومت کسانوں کو یوریا سربراہ کرے گی۔

Nagar Kurnool Collector

ناگر کرنول ضلع کلکٹر باداوت سنتوش نے کہا کہ ضلع میں تعلیم اور طبی شعبہ کی ترقی کیلئے خصوصی توجہ دی جارہی ہے۔انہوں نے کلکٹریٹ کے دفتر میں مستقبل کے منصوبوں کی وضاحت کی ۔اِس موقع پر انہوں نے دسویں جماعت کے سالانہ امتحانات میں 100 فیصد نتائج حاصل کرنے کیلئے کوشش کرنے محکمہ تعلیم کے عہدیداروں کو ہدایت دی۔انہوں نے کہا کہ گریجن علاقوں میں بہتر طبی سہولتیں فراہم کی جارہی ہیں ۔ہاسپٹلوں میں ادویات کی قلت نہ ہونے کے اقدامات بھی کیئے جائیں گے۔

Sangareddy Voter List

میونسپل انتخابات کی تیاری کے ضمن میں سنگاریڈی مونسپالٹی کے 38 وارڈوں کی ووٹرلسٹ کو کمشنر سرینواس ریڈی نے جاری کیا۔انہوں نے کہا کہ جملہ 83 ہزار 948 ووٹرس ہیں۔انہوں نے ووٹرلسٹ میں کوئی بھی اعتراضات ہونے پر اِس مہینہ کی 5 تاریخ تک میونسپل دفتر میں درخواست داخل کرنے عوام پر زوردیا۔

Musi CM

وزیر اعلیٰ ریونت ریڈی نے کہا کہ موسیٰ ندی کی بحالی کا منصوبہ ہر حال میں نافذ کیا جائے گا۔انہوں نے بتایا کہ اس منصوبے کے تحت دو سال کے اندر دریائے گوداوری کا پانی گنڈی پیٹ تک لایا جائیگا۔اس کے تحت پہلے مرحلہ کی جامع پراجیکٹ رپورٹ (ڈی پی آر) سنکرانتی تک تیار ہوجائے گی۔انہوں نے کہا کہ اس پر منصوبہ کی لاگت بھی سامنے آئے گی۔وزیر اعلیٰ نے آج اسمبلی میں ارکان اسمبلی کی جانب سے پوچھے گئے سوالات کا جواب دیا۔وزیر اعلیٰ نے کہا کہ منصوبہ کے پہلے مرحلے کے لئے ایشین ڈیولپمنٹ بینک نے چار ہزار کروڑ روپے سے زائد قرض فراہم کرنے کا تیقن دیا ہے۔ پانچ سالوں تک خدمات فراہم کرنے کے لئے تین بین الاقوامی کمپنیوں کے ساتھ حکومت نے معاہدہ کیا ہے اور موسی کی بحالی کیلئے پانچ مرحلوں میں انجام دینے کیلئے مطالعہ جاری ہے۔ اس اسکیم کے تحت پرانے شہر کے قریب میر عالم ٹینک پر 450 کروڑ روپے کی لاگت سے زیرِ تعمیر پل کے کام دو سال میں مکمل ہوجائیں گے۔

Sircilla District Drunk and Drive

راجنا سرسلہ ضلع ایس پی مہیش بی گیتے نے کہا کہ ضلع بھر میں نئے سال کی تقریبات پرامن طریقہ سے منعقد ہوئی ہیں۔ انہوں نے کہا کہ پولیس کی جانب سے کی گئی جانچ میں حالت نشہ میں گاڑی چلانے والے 76 افراد کے خلاف مقدمات درج کر لئے گئے ہیں۔

Ponnam BC

ریاستی وزیر پونم پربھاکر نے کہا کہ پسماندہ طبقات کی ترقی کیلیۓ حکومت پابند عہد ہے۔ انہوں نے کہا کہ عوامی حکومت کے اقتدار میں آنے کے بعد ریاست میں 8 نئے کارپوریشنوں کو قائم کیا گیا ہے۔ ریاست میں فی الوقت 23 کارپوریشنس ہیں۔ ریاستی وزیر نے قانون ساز کونسل میں یہ بات بتائی۔ انہوں نے کہا کہ پسماندہ طبقات کو سماجی انصاف فراہم کیا گیا ہے۔ بی سی طبقہ کی ترقی کیلیۓ بجٹ میں فنڈ بھی مختص کیا گیا ہے۔ حکومت بی سی عمارتوں کی تعمیر جلد ہی مکمل کرے گی۔

YEAR ENDER - TECHNOLOGY

سال 2025 ہندوستان کے ترقیاتی سفر میں ایک اہم اور فیصلہ کن باب کے طور پر سامنے آیا۔ اس سال پالیسیوں نے عملی شکل اختیار کی۔ آج ہماری خصوصی سیریز 'سال کے اصلاحات' میں ہم آپ کو سال 2025 کے دوران ٹیکنالوجی کے شعبے میں ہندوستان کی پیش رفت سے آگاہ کررہے ہیں۔

(V/C-PALLAVI (ENG)/NITIKA(HIN)

سال 2025 میں ہندوستان نے اپنے سائنسی اور تکنیکی سفر میں ایک نمایاں ترقی کی ہے۔ ملک نے ٹیکنالوجی کو صرف اپنانے کے مرحلے سے آگے بڑھتے ہوئے ٹیکنالوجی تخلیق کرنے کی سمت قدم رکھا ہے جسے بڑے پیمانے پر سرمایہ کاری اور ادارہ جاتی اصلاحات کی مضبوط حمایت حاصل رہی۔

اس سال مصنوعی ذہانت (اے آئی) کے شعبے میں نمایاں پیش رفت دیکھنے کو ملی۔ انڈیا اے آئی مشن کے تحت حکومت نے اے آئی نظاموں کی تیاری کے لیے دس ہزار کروڑ روپے سے زائد کی سرمایہ کاری کا عزم ظاہر کیا۔ حال ہی میں ہندوستان نے اسٹینفورڈ یونیورسٹی کی 2025 گلوبل اے آئی وائبرنسی رینکنگ میں تیسری پوزیشن حاصل کی۔

سال 2025 میں سیمی کنڈکٹرز اور جدید مینوفیکچرنگ کے شعبے میں بھی فیصلہ کن پیش رفت ہوئی۔ گزشتہ سال ہندوستان نے نوئیڈا اور بنگلورو میں دو مراکز کا آغاز کیا جو 3 نینومیٹر چپ ڈیزائن کے لیے وقف ہیں، جس سے ہندوستان عالمی سطح کے اعلیٰ درجہ کے چِپ ماحولیاتی نظام میں شامل ہو گیا۔ اسی طرح گزشتہ سال ستمبر میں سیمی کون انڈیا 2025 کانفرنس کے دوران ملک کی پہلی دیسی طور پر تیار کردہ وکرم 32 بٹ چپ وزیرِ اعظم نریندر مودی کو پیش کی گئی۔

خلائی اور اسٹریٹجک ٹیکنالوجی کے شعبے میں بھی اہم سنگِ میل حاصل کیے گئے۔ دنیا کے جدید ترین ارتھ آبزرویشن ریڈار سیٹلائٹ نیسار کی کامیاب لانچ نے ہندوستان اور امریکہ کے درمیان تاریخی اشتراک کی مثال قائم کی۔ وزیر اعظم مودی نے گزشتہ ماہ حیدرآباد میں اسکائی روٹ ایرو اسپیس کے نئے انفینٹی کیمپس کا افتتاح کیا اور کمپنی کے پہلے مداری راکٹ وکرم ون کی نقاب کشائی کی۔

BYTE PM MODI (Take From 1:00)

اسی دوران 2025 میں جوہری توانائی اور سائنسی شعبہ میں بھی حکمرانی کے شعبے میں بھی ساختی اصلاحات کی گئیں۔ اٹامک انرجی بل 2025 جسے سسٹینیبل ہارنیسنگ اینڈ ایڈوانسمنٹ آف نیوکلیئر انرجی فار ٹرانسفارمنگ انڈیا کا نام دیا گیا ہے، کو گزشتہ سال مرکزی کابینہ نے منظوری دی۔ اس اقدام کے تحت پہلی بار جوہری توانائی کے شعبے کو نجی شراکت کے لیے کھول دیا گیا۔

مجموعی طور پر، یہ تمام پیش رفت اس بات کی عکاس ہے کہ سال 2025 وہ سال تھا جب تکنیکی خود انحصاری ایک مستقل قومی صلاحیت میں تبدیل ہونا شروع ہوئی، جو وکست بھارت 2047 کے وژن سے ہم آہنگ ہے۔

Dupty CM

ریاست نائب وزیراعلیٰ ووزیرفینانس بھٹی وکرامارکہ نے کہا کہ ریاست میں معاشی مسائل کے باوجود بھی حکومت ہرمہینہ کی پہلی تاریخ کوسرکاری ملازمین کوتنخواہیں ادا کررہی ہے۔انہوں نے کہا کہ ہر ماہ 700 کروڑ روپے کے ملازمین کے زیرالتوا بقایاجات بھی ادا کئے جارہے ہیں۔نائب وزیراعلیٰ نے قانون سازکونسل میں وقفہ سوالات کے دوران ارکان کی جانب سے پوچھے گئے سوالات کا جواب دیتے ہوئے یہ بات بتائی۔

Temple Tourism

ریاستی وزیرانڈومنٹ کونڈاسریکھانے کہا کہ باسرا سے بھدراچلم تک ریاست میں ٹمپل ٹوریزم کوترقی دی جائے گی۔انہوں نے کہا کہ ریاست میں واقع تمام منادرکوحکومت ترقی دے گی۔اس کیلئے عہدیداروں کوضروری ہدایت بھی دی گئی ہے۔کونڈاگٹوانجانیاسوامی مندرکی ترقی کیلئے 356 کروڑکے ذریعہ ماسٹر پلان تیارکیاجارہاہے۔انہوں نے یہ بات قانون سازکونسل میں بتائی۔

Agriculture culture tummala

ریاستی وزیرٹی ناگیشورراؤ نے کہا کہ حکومت ریاست میں کیمیائی ادویات سے پاک زراعت کوفروغ دے گی۔کیمیکل سے پاک زراعت کیلئے حکومت کسانوں میں شعور بیداری پیدا کرے گی۔قانون ساز کونسل میں بی آرایس کے رکن اسمبلی بی شراون کمارکی جانب سے پوچھے گئے سوال کا جواب دیتے ہوئے ریاستی وزیر نے کہا کہ 400 کلسٹرس میں ماحولیاتی زراعت کوانجام دیا جارہا ہے۔ریاستی حکومت زراعت کی ترقی کیلئے خصوصی توجہ دے رہی ہے۔

OO